## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
## کلیۂ عربی وعلوم اسلامیہ
## (شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**کورس: سیرت النبی ﷺ کا موضوعاتی مطالعہ (4934)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ**

**ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL) موڈ**

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات غور سے پڑھیے۔ (تمام سوالات لازمی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

1. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کریں۔
2. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (Scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی، صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اپ لوڈ کر سکتے ہیں، فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔
3. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
4. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
5. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
6. غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ:1-4)

سوال نمبر 1- علمِ سیرت کے مفہوم اور اہمیت کو واضح کریں، نیز اس علم کے تاریخی ارتقا اور تدوین کے مراحل کا جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- اسلامی تعلیمات اور سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں عائلی زندگی کے اصولوں کا جائزہ لیں اور واضح کریں کہ یہ اصول ایک مثالی خاندانی نظام کے قیام میں کس طرح معاون ہیں؟ (20)

سوال نمبر 3- فضائی آلودگی کے اسباب کا تجزیہ کریں اور موجودہ دور میں ان کے مؤثر تدارک کے لیے رہنما اصول سیرت طیبہ کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- بیعتِ عقبہ کے پس منظر، اہم نکات اور نتائج کا جائزہ لیتے ہوئے واضح کریں کہ اس نے اسلامی دعوت اور ہجرتِ مدینہ کی راہ ہموار کرنے میں کیا کردار ادا کیا؟ (20)

سوال نمبر 5- عہدِ نبوی ﷺ کی سیاست کاری کے اصولوں کی وضاحت کریں اور ان کی روشنی میں عصرِ حاضر کے نظمِ حکومت اور قیادت کے لیے تجاویز قلمبند کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ:5-9)

سوال نمبر 1۔ سیرتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں انسانی حقوق کے بنیادی اصول بیان کریں اور اسلامی اور مغربی تصوراتِ انسانی حقوق کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ طبِ نبوی کے بنیادی اصول بیان کریں اور واضح کریں کہ عصرِ حاضر میں صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ کے لیے ان سے کس طرح رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے؟ (20)

سوال نمبر 3۔ نبی کریم ﷺ کے معجزات پر یونٹ نمبر سات کے مباحث کی روشنی میں نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ عقیدہ ختم نبوت پر قرآن و حدیث کی روشنی میں تفصیلی نوٹ قلمبند کریں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ پاکستان میں عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ سے متعلق آئینی و قانونی مراحل کے ارتقا کا جائزہ لیتے ہوئے بیان کریں کہ اس سلسلے میں اہلِ پاکستان نے کیا کردار ادا کیا؟ (20)